13946-کیاماں کے قبول اسلام سے اس کے دونوں بچوں کو بھی کلمہ پڑھنا ہوگا

سوال

میں عیسائیت چھوڑ کردخول اسلام کے مرحلہ میں ہوں اور نو9 برس سے خاوند کے بغیر زندگی گزاررہی ہوں میراایک چودہ سالہ بیٹااورگیارہ سالہ بیٹی بھی ہے ،مجھے یہ توعلم ہے کہ مجھے اسلام قبول کرنے کے لیے کلمہ پڑھنا ہوگالیکن کیامیرے بیٹے اور بیٹی کو بھی کلمہ پڑھنا ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

دخول اسلام کے لیے اللہ تعالی کی وحدانیت اورر سول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینا شرط ہے ۔

مسلمان والدین کے ہاں جوبچا پیدا ہوتا ہے اسے کلمہ پڑھنے کی ضرورت نہیں اس لیے کہ وہ والدین کے تابع حکما مسلمان ہے ، الایہ کہ وہ کوئی نواقض اسلام والا کام کرے ۔

اوروہ بچہ جوغیر مسلم والدین کے ہاں پیدا ہوا ہواسے اسلام قبول کرنے کے لیے کلمہ پڑھنا ضروری ہے ۔

واللہ تعالی اعلم

.